**15.03.2025**

**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں محمد عمار

Music

.......................................................................

☆ مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ حکومت پچھلے دس سالوں سے شمال مشرق کو مستحکم اور مربوط کرنے کیلئے فعال طور پر کام کر رہی ہے۔ آسام رائفل کے ہیڈکوارٹر کو سینٹر ایزوال سے بدل کر Zokhawsang میں قائم کیا گیا ہے۔

☆ تلنگانہ میں 64 ماؤنوازوں نے خودسپردگی کی ہے۔

☆ بھارتی معیارات کی بیورو نے غیرمحفوظ، غیر-تصدیق شدہ مصنوعات فروخت کرنے والے ای-کامرس پلیٹ فارمس کے خلاف کارروائی کی ہے۔

☆ آر بی آئی نے، لندن میں سینٹرل بینکنگ کے ذریعے اپنے ڈیجیٹل اقدامات کیلئے، ڈیجیٹل ٹرانسفارمیشن ایوارڈ 2025 حاصل کیا ہے۔

☆ آئی ایم ڈی نے کل اڈیشہ میں کہیں کہیں شدید گرم لہر کی وارننگ جاری کی ہے۔

☆ اور ٹینس میں، بھارت کے Vaidehi چودھری اور Rashmika Bhamidipaty کی جوڑی نے W-35 Nonthaburi خواتین کا ڈبلز کا خطاب جیت لیا ہے۔

.......................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

### Amit Shah Mizoram

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے آسام رائفلز بٹالین ہیڈکوارٹرس کے آئیزوال سٹی سے Zokhawsang میں منتقلی کی ستائش کی ہے اور اِسے میزورم کی ترقی کیلئے ایک اہم سنگ میل قرار دیا ہے۔ آج آئیزوال میں آسام رائفلز بٹالین کے ہیڈکوارٹرس کو سینٹرل آئیزوال سے Zokhawsang میں منتقل کرنے کے موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے جناب شاہ نے زور دے کر کہا کہ یہ اقدام آئیزوال سٹی کیلئے ایک نئے باب کا آغاز ہے اور یہ ریاست کی ترقی کیلئے ایک اہم قدم ہے۔ انہوں نے کہا کہ آسام رائفلز بٹالین ہیڈکوارٹرس کی آئیزوال سٹی کے مرکزی علاقے سے Zokhawsang میں منتقلی، میزورم کی ترقی کیلئے مستقبل کا ویژن ہے۔ Zokhawsang ریاستی راجدھانی سے تقریباً 15 کلو میٹر دور ہے۔

انہوں نے اِس بات پر اطمینان کا اظہار کیا کہ یہ اقدام، میزورم کے عوام کی آرزوؤں اور امنگوں کے مطابق ہے۔ انہوں نے اجاگر کیا کہ مرکزی حکومت کے اِس عمل سے ریاست کی ترقی کے اُس کے عزم کا بخوبی اظہار ہوتا ہے۔

2100- Amit Shah in Mizoram

جناب شاہ نے آئیزوال شہر کے پہاڑی سلسلے کو پیش نظر رکھتے ہوئے کہا کہ آئیزوال میں توسیع کا ایک محدود امکان ہے۔ انھوں نے آسام رائفلز کے ہیڈکوارٹرس کو منتقل کرنے کے فیصلے پر اپنی خوشی کا اظہار کیا۔ جناب شاہ نے کہا کہ مرکزی حکومت پچھلے 10 برسوں سے پورے شمال مشرق کو مضبوط اور مربوط کرنے کے لیے سرگرم عمل ہے۔ انہوں نے اجاگر کیا کہ مودی سرکار، خطے میں غیرمعمولی ترقی کا کام کر رہی ہے۔ یہ ترقی، سیاحت سے لے کر ٹیکنالوجی تک، کھیلوں سے خلاء تک اور زراعت سے لے کر صنعت کاری تک تمام شعبوں پر محیط ہے۔

جناب شاہ نے شمال مشرقی خطے کو ملک کے باقی حصوں سے جوڑنے، ترقی کو فروغ دینے اور شہریوں کے درمیان امن قائم کرنے اور بھائی چارے کو یقینی بنانے کے مرکزی حکومت کے عزم کا اعادہ کیا۔

Amit Shah on Peace and Harmony

اس تقریب میں آسام رائفلز بٹالین کے ہیڈ کوارٹرس کو Khatla، آئیزوال سے Zokhawsang میں باضابطہ منتقلی کیلئے آسام رائفلز کے لیفٹیننٹ جنرل وکاس لکھیرا اور میزورم حکومت کے کمشنر اور سکریٹری Vanlaldina Fanai کے درمیان نقشوں کے زمینی ریکارڈ کا بھی تبادلہ کیا گیا۔جناب شاہ آج آئیزوال پہنچے ہیں اور رات کا قیام، آئیزوال کے راج بھون میں کریں گے۔ x

## PM Podcast

وزیر اعظم نریندر مودی نے لوگوں سے کہا ہے کہ وہ Lex Fridman کے ساتھ اُن کے کل نشر ہونے والے Podcast انٹرویو کو سنیں۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ Lex Fridman Podcast کے میزبان، Fridman کے ساتھ اُن کی گفتگو بہت بارآور رہی۔ بات چیت میں، مودی کے بچپن، ہمالیہ میں اُن کے گزرے ہوئے سالوں اور عوامی زندگی میں اُن کے سفر سمیت بہت سے موضوعات کا احاطہ کیا گیا۔ Fridman نے اِس انٹرویو کو تین گھنٹے کی بات چیت کا ''رزمیہ'' قرار دیا۔ انہوں نے اِسے اپنی زندگی کا انتہائی بارآور تبادلۂ خیال قرار دیا ہے۔ x

## Telangana

تلنگانہ میں، ممنوعہ کمیونسٹ پارٹی آف انڈیا (ماؤنواز) کے 64 اراکین نے آج ملٹی زون-1 کے پولیس کے انسپکٹر جنرل چندر شیکھر ریڈی اور Bhadradri Kothagudem ضلعے کے پولیس سپُرنٹنڈینٹ روہت راج کے سامنے رضاکارانہ طور پر خود سپردگی کر دی۔ اِس کے ساتھ ہی گزشتہ دو مہینوں میں جن ماؤنوازوں نے خود سپردگی کی ہے، اُن کی تعداد بڑھ کر 122 ہوگئی ہے۔ ریڈی نے اخبار نویسوں کو بتایا کہ جن افراد نے ہتھیار ڈالے ہیں، اُن

میں 48 مرد اور 16 خواتین شامل ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ خود سپردگی کرنے والے ہر ماؤنواز کو فوری امداد کے طور پر 25 ہزار روپے فی کس کی امداد دی جائے گی۔ پولیس کا محکمہ، اُن کی بازآبادکاری کیلئے بھی مدد فراہم کرے گا۔ x

## Rev BIS E-Commerce Platforms

بھارتی معیارات کی بیورو، BIS نے، لکھنؤ، گروگرام اور دلّی جیسے شہروں میں ایمازون اور فلپ کارڈ سمیت سرکردہ ای-کامرس پلیٹ فارمس کے بہت سے ویئر ہاؤسز میں تلاشی اور ضبطگی کی کارروائیاں کیں۔ اِن کارروائیوں کا مقصد ای-کامرس پلیٹ فارمس کے ذریعے غیرمحفوظ اور غیر-تصدیق شدہ مصنوعات کی تقسیم کو روکنا ہے۔ BIS نے یہ پایا کہ ایمازون، فلپ کارٹ، میشو اور بِگ باسکٹ جیسے ای-کامرس پلیٹ فارمس پر، لازمی BIS سرٹیفکیشن کے باوجود، غیرتصدیق شدہ مصنوعات دستیاب کرائی جاتی ہیں۔ ایک اہل ISI مارکس نہ ہونے کے باوجود یہ مصنوعات تحفظاتی خطرات کا باعث بنتی ہیں کیونکہ وہ آزادانہ آزمائش کو درگزر کرتی ہیں۔BIS نے صارفین پر زور دیا ہے کہ وہ BIS کیئر ایپ استعمال کرکے سرٹیفکیشن کی تصدیق کریں، جو ISI مارکس، لائسنس نمبر کو چیک کرتا ہے اور غیرتصدیق شدہ اور کم معیاری مصنوعات کے بارے میں شکایات کی سہولت فراہم کرتا ہے۔ BIS اِس بات کو یقینی بنانے کیلئے کہ مارکیٹ میں صارفین کی مصنوعات دستیاب ہیں، ای-کامرس پلیٹ فارمس سمیت مارکیٹ کی فعال طور پر نگرانی کرتا ہے، جنھیں ضروری تحفظاتی اور معیاری معیارات کو پورا کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔x

## RBI Digital Transformation Award

ریزرو بینک آف انڈیا RBI نے اپنے اندرون ملک ڈیجیٹل اقدامات پرواہ اور سارتھی کیلئے لندن میں سینٹرل بینکنگ سے ڈیجیٹل ٹرانسفارمیشن ایوارڈ 2025 حاصل کیا ہے۔ جنوری 2023 میں شروع کیا گیا سارتھی نے RBI کے اندرونی کام کاج کے عمل کو ڈیجیٹائز کیا، دستاویزات کے انتظام، تعاون اور ڈیٹا کے تجزیے کو بہتر بنایا۔ اِسی طرح پرواہ، مئی 2024 میں متعارف کرایا گیا۔ یہ بیرونی صارفین کو بغیر کسی رکاوٹ کے عمل کے لیے سارتھی کے ساتھ مربوط کرتے ہوئے ڈیجیٹل طور پر انضباطی ایپلی کیشنز جمع کرانے کی اجازت فراہم کرتا ہے۔ RBI کے اِن اقدامات سے کاغذ کا استعمال کم ہوا ہے، کام کاج میں آسانی ہوئی ہے اور کارکردگی میں اضافہ ہوا ہے۔ صرف Pravaah کے ساتھ ہی 70 سے زیادہ انضباطی ایپلی کیشنز کو ڈیجیٹائز کیا جا رہا ہے اور 80 فیصد تک فائلنگ میں اضافہ ہو رہا ہے۔ x

## IMD Heatwave

بھارتی موسمیات کے محکمہ IMD نے پیش گوئی کی ہے کہ کل اُڈیشہ کے کسی کسی مقام پر اور ودربھ، چھتیس گڑھ، جھارکھنڈ، اور شمالی تلنگانہ کے کچھ حصوں میں شدید گرمی کی لہر کا امکان ہے۔ گنگا کے میدانی علاقوں، سوراشٹر اور کچھ کے علاقوں میں اِسی طرح کے حالات رہنے کا امکان ہے۔ مغربی بنگال اور جھارکھنڈ کے لیے Yellow اَلرٹ جاری کیا گیا ہے۔ اندھرپردیش کے ساحلی علاقوں یانم، کیرالہ اور ماہے میں موسم کے گرم اور مرطوب رہنے کا امکان ہے، جبکہ اترا کھنڈ اور اروناچل پردیش میں بھاری بارش کی پیش گوئی کی گئی ہے۔ آسام، میگھالیہ، ناگالینڈ، منی پور، میزورم اور تریپورہ میں اگلے دو سے تین دنوں کے دوران گرج چمک کے ساتھ تیز ہوا کے چلنے کا امکان ہے۔x

## Padma Awards

2026 پدم ایوارڈس کیلئے نامزدگیوں کا عمل آج شروع ہوگیا ہے، جن کا اعلان اگلے سال یومِ جمہوریہ پر کیا جائے گا۔ درخواستیں جمع کرنے کی آخری تاریخ 31 جولائی ہے۔ نامزدگیوں اور سفارشات کو صرف راشٹریہ پرسکار پورٹل کے ذریعے ہی قبول کیا جائے گا۔ پدم ایوارڈس میں-پدم وبھوشن، پدم بھوشن اور پدم شری، بھارت کے سب سے اعلیٰ تر شہری اعزازات میں شامل ہیں، جو آرٹ، ادب، تعلیم، کھیل کود، ادویہ، سماجی کام کاج، سائنس، عوامی امور، سول سروس اور صنعت جیسے شعبوں میں غیرمعمولی کامیابیوں کو تسلیم کرنے کیلئے دیئے جاتے ہیں۔ تمام افراد بلاتفریق مذہب، پیشہ یا صنف، اِس کیلئے اہل ہیں۔ اِن میں سرکاری ملازمین اور سرکاری شعبے کی کمپنیوں کے ورکر شامل نہیں ہیں جن میں سے ڈاکٹر اور سائنسداں مستثنیٰ ہیں۔x

## Rev. Ashwani Vaishnaw Tamil Nadu Visit

مرکزی وزیر برائے کمیونیکیشن اشونی ویشنو نے کہا کہ بھارت میں بنایا گیا پہلا چپ اس سال متعارف کرایا جائے گا۔ چنئی میں آئی آئی ٹی طلباء کے ساتھ بات چیت میں انہوں نے کہا کہ بھارت میں تیار شدہ چار چِپ اگلے دو سالوں میں متعارف کرائے جائیں گے اور بھارت ''میڈ اِن انڈیا'' چِپ کو ٹیسلا Volkswagen اور دنیا کے کسی بھی حصہ میں مہیا کرانے کے قابل ہو جائے گا۔

انہوں نے کہا کہ پانچ سیمی کنڈکٹرس، موجودہ وقت میں زیرتعمیر ہیں۔ طلباء کے ایک سوال کا جواب میں انہوں نے کہا کہ AI پر مبنی ٹیکنالوجی، زراعت کے شعبہ میں بھی مددگار ہے اور انہوں نے مہاراشٹر میں ایک کسان کے ذریعہ اس کے کامیاب نفاذ کا حوالہ بھی دیا۔ وزیر موصوف نے بتایا کہ حکومت نے 10 ہزار کروڑ روپے AI وژن کے ترقی کے لیے مختص کیے ہیں۔x

## J&K Assembly Discussions

جموں وکشمیر قانون ساز اسمبلی نے، اپنے جاری بجٹ اجلاس کے دوران، حکمرانی، تعلیم، صحت دیکھ بھال اور روزگار سمیت آج کلیدی معاملات پر بحث کی۔ اسپیکر عبدالرحیم راتھر نے جموں میں کاروباری مشاورتی کمیٹی، BAC کی ایک میٹنگ کی صدارت کی، جس میں قانون سازوں نے اجلاس کے ایجنڈے کا جائزہ لیا اور اس کی افادیت میں اضافہ کرنے کے طور طریقوں پر تبادلہ خیال کیا۔ صحت، طبی تعلیم، سماجی بہبود اور تعلیم کی وزیر Sakeena Itoo نے اسمبلی کو مطلع کیا کہ قومی تعلیمی پالیسی NEP-2020 کو تمام سرکاری ڈگری کالجوں میں مکمل طور پر لاگو کردیا گیا ہے۔ انھوں نے واضح کیا مصنوعی ذہانت کوئی نیا پروگرام نہیں ہے، لہٰذا اِسے کمپیوٹر ایپلی کیشن کے نصاب میں شامل کیا گیا ہے۔ صحت دیکھ بھال سے متعلق انھوں نے اِس بات پر زور دیا کہ حکومت کی توجہ نئے بنیادی ڈھانچے تعمیر کرنے کے بجائے موجودہ سہولیات کو مستحکم کرنے پر مرکوز ہے۔ انھوں نے اجاگر کیا کہ جموں وکشمیر میں ہر تین ہزار 500 افراد کیلئے صحت کا ایک ادارہ ہے جو کہ چھ ہزار کے قومی اوسط سے بہتر ہے۔ ڈاکٹروں کی کمی کو پورا کرنے کیلئے دور دراز کے علاقوں میں 365 میڈیکل افسران کی تقرری کی گئی ہے۔ زرعی پیداوار کے وزیر جاوید احمد ڈار نے مہارت کی

فروغ اور ذاتی روزگار کی اسکیموں کے ذریعے بے روزگاری کو ختم کرنے کی سرکاری کوششوں کو واضح کیا۔صنعتی تربیتی اداروں کو جدید بنانے، ٹاٹا ٹیکنالوجی کے ساتھ تعاون اور اسکل انڈیا پروگرام کو 2026 تک توسیع دینے جیسے اقدامات سے 33 ہزار سے زیادہ نوجوانوں کو تربیت فراہم کی ہے۔

حکومت نے 9 لاکھ 28 ہزار ذاتی روزگار کے مواقع بھی وضع کئے ہیں اور JKPSC اور JKSSB کے ذریعے 11 ہزار 526 سرکاری شعبے میں نوکریاں فراہم کرنے کی راحت ہموار کی ہے۔مشن یووا پہل کے تحت انتظامیہ کا مقصد آئندہ پانچ سالوں میں ایک لاکھ 37 ہزار نئی کمپنیاں قائم کرنا اور چار لاکھ پچیس ہزار سے زیادہ نوکریاں وضع کرنا ہے۔x

## ISRO - LVM3 Flight Acceptance

بھارت کی خلائی تحقیق سےمتعلق تنظیم ISRO نے Cryogenic انجن کا کامیابی کے ساتھ پرواز کے سلسلے میں Hot ٹسٹ کیا ہے۔ یہ ٹسٹ LVM3 لانچ گاڑی LVM-M6 مشن کیلئے کیا گیا ہے۔ یہ ٹسٹ تمل ناڈو میں Mahendragiri میں واقع ISRO کے Propulsion کمپلیکس میں کیا گیا۔ اسرو نے کہا کہ اختراعی آزمائش کا طریقہ کار خلائی مشنوں کیلئے سیٹ اَپ کے وقت میں کمی کرتا ہے، اور کرائی جینک مرحلے کی تیز تر فراہمی کو فعال بناتا ہے۔ CE-20 انجن، کارکردگی کے تمام مقاصد پر پورا اترا ہے جس میں پہلے سے طے کردہ پیرامیٹرس کی تکمیل ہوئی۔ اِس انجن کو LVM3-M6 کے کرائی جینک اَپر اسٹیج کے ساتھ مربوط کیا جائے گا جسے 2025 کے دوسرے نصف میں لانچ کیا جانا ہے۔x

## Mandaviya FIT India Carnival

نوجوانوں کے امور اور کھیل کود کے مرکزی وزیر منسکھ مانڈویا کل نئی دلّی کے JLN اسٹیڈیم میں فٹ انڈیا Carnival کا افتتاح کریں گے۔ اس تین روزہ فٹنس اور تندرستی سے متعلق فیسٹیول کا مقصد ایک صحتمند اور فعال طرزِزندگی کو فروغ دینا ہے، جو ایک جسمانی طور پر بہتر، زیادہ صحتمند اور فکر سے آزاد قوم کے فٹ انڈیا تحریک کے وژن کے عین مطابق ہے۔ اس تقریب میں Rope Skipping، اسٹیشنری سائیکلنگ، آرمڈ ریسلنگ، کرکٹ گیندبازی اور دیگر سمیت کھیل کود کی بہت ساری سرگرمیاں شامل ہوں گی۔ افتتاح میں نوجوانوں کے امور اور کھیل کود کی وزیر مملکت رَکشا Khadse اور بالیووڈ کے اداکار آیوشان کھورانہ بھی شرکت کریں گے۔تقریب کے دوران، آنے والے کھیلو انڈیا پیرا گیمز کے Logo اور ترانے کی بھی نقاب کشائی کی جائے گی۔ کھیلو انڈیا پیرا گیمز، اِس مہینے کی 20 تاریخ سے قومی راجدھانی میں شروع ہوں گے۔x

## Pak - BLA - Hostages Killed

بلوچستان میں بلوچ لبریشن آرمی BLA نے دعویٰ کیا ہے کہ اُس نے پاکستانی فوج کے، اُن تمام 214 یرغمالیوں کو پھانسی دے دی ہے، جنہیں جعفر ایکسپریس مسافر گاڑی کے واقعے کے دوران پکڑا گیا تھا۔ باغی تنظیم کے

ترجمان Jeeyand Baloch نے کہا ہے کہ قیدیوں کے تبادلے کیلئے 48 گھنٹے کا جو اَلٹی میٹم دیا گیا تھا، پاکستان کی فوج، اُس پر کوئی بھی ردِعمل دینے میں ناکام رہی، جس کے نتیجے میں بڑے پیمانے پر پھانسی دی گئی۔ باغی تنظیم نے یہ دعویٰ بھی کیا ہے کہ وہ ہمیشہ بین الاقوامی قانون کی پابندی کرتے رہے ہیں لیکن پاکستانی فوج کی ہٹ دھرمی کی وجہ سے انہیں یہ قدم اٹھانا پڑا۔ BLA نے یہ بھی کہا ہے کہ اُس کے جنگجوؤں نے، جنہیں فدائین کے طور پر جانا جاتا ہے، اِس مقصد سے یہ لڑائی شروع کی تھی کہ وہ اِسے، اُس وقت تک جاری رکھیں گے، جب تک کہ آخری گولی نہیں چلائی جاتی۔x

## Hamas Ceasefire

حماس نے کہا ہے کہ وہ یرغمال بنائے گئے ایک امریکی- اسرائیلی شہری کو اسی صورت میں رہا کرے گا اور چار دیگر افراد کی لاشوں کو اسی وقت حوالے کرے گا، جب اسرائیل جنگ بندی کے معاہدے پر قائم رہے گا۔ حماس نے اِسے بات چیت دوبارہ شروع کرنے کیلئے غیرمعمولی قرار دیا ہے۔ حماس نے امدادی سامان پر اسرائیلی پابندیوں کو ختم کرنے اور غزہ کی اہم راہداری سے اسرائیلی فوج کی واپسی کا مطالبہ کیا ہے۔

باور کیا جاتا ہے کہ یرغمال بنائے گئے امریکی-اسرائیلی شہریوں میں 21 سالہ Edan Alexander آخری زندہ شخص بچا ہے۔ اسرائیل نے حماس کی پیشکش پر شک کا اظہار کیا ہے۔

اس دوران بیت الحیّہ علاقے میں کل رات ہوئے اسرائیلی حملے میں ایک صحافی سمیت 8 افراد مارے گئے۔ گرچہ اسرائیل اور حماس کے درمیان بڑی لڑائی 19 جنوری سے رکی ہوئی ہے، تاہم اسرائیلی حملوں میں درجنوں افراد ہلاک ہوئے ہیں۔ حماس اسے جنگ بندی کی خلاف ورزی قرار دیتا ہے۔x

## Russia Ukraine

روس اور یوکرین نے رات بھر ایک دوسرے پر شدید فضائی حملے کئے۔ دونوں جانب سے رپورٹ دی گئی ہے کہ ان کے علاقوں میں 100 سے زیادہ دشمن کے ڈرونز سے حملے کئے گئے۔ یہ حملے، جنگ میں ایک مجوزہ 30 روزہ جنگ بندی پر تبادلہ خیال کرنے کیلئے روسی صدر ولادیمیر پتن کی امریکی مندوب Stev Witkoff کے ساتھ ملاقات ہونے کے 24 گھنٹے سے بھی کم وقفے میں کئے گئے ہیں۔

Andrei Bocharov نے کہا کہ گرنے والے ڈرونز کے ملبے سے Lukoil کی ایک ریفائنری کے نزدیک Krasnoarmeysky ضلع میں آگ بھڑک اٹھی۔ اموات کے بارے میں کوئی خبر نہیں ہے۔ تین سال سے زیادہ پہلے یوکرین کے خلاف روس کی جانب سے بڑے پیمانے پر جنگ کے آغاز کے بعد سے اِس ریفائنری کو بار بار نشانہ بنایا جاتا رہا ہے۔

روس کی دفاعی وزارت نے کہا کہ اُس نے یوکرین کے 126 ڈرونز کو مار گرایا ہے جن میں سے 64 کو

Volgograd میں اور دیگر کو Voronezh، Belgorod، Bryansk، Rostov اور Kursk میں مار گرایا گیا۔ یوکرین کی فضائیہ نے کہا ہے کہ روس نے رات بھر میں 178 ڈرونز اور دو بیلسٹک میزائل لانچ کئے جن میں Shahed-Type حملہ آور ڈرونز اور فضائی دفاع کو کمزور کرنے کیلئے حملے شامل ہیں۔ حکام نے بتایا کہ 130 ڈرونز کو مار گرایا گیا جبکہ 38 اپنے نشانوں پر پہنچنے میں ناکام رہے۔x

## UK Russia

برطانیہ کے وزیر اعظم Keir Starmer نے عالمی لیڈروں پر زور دیا ہے کہ وہ آج ورچوئل میٹنگ کے دوران یوکرین میں جنگ بندی سے اتفاق کرنے کیلئے ولادیمیر پتن پر زور ڈالیں۔ انھوں نے کہا کہ پتن کو لازمی طور پر بات چیت کرنی ہوگی۔ یوروپی شراکت دار، یوکرین، آسٹریلیا، کناڈا اور نیوزی لینڈ سمیت 25 ممالک کی جانب سے یہ نعرہ، فوجی امداد، مالیاتی مدد اور ایک امکانی قیامِ امن مشن پر مرکوز ہوگا۔ NATO اور یوروپی یونین کے حکام نے شرکت کی البتہ امریکہ، غیر حاضر رہا۔ اس میٹنگ کے بعد امریکہ کی ایک مجوزہ 30 روزہ جنگ بندی سامنے آئی جسے اولودومیر زیلنسکی کی حمایت حاصل ہے۔ امریکہ اور G-7 نے یوکرین کی سالمیت کے تئیں پھر اعادہ کیا ہے اور روس کو خبردار کیا ہے کہ اگر اُس نے اس سے انکار کیا تو مزید پابندیاں عائد کی جائیں گی۔x

## Tennis - Nonthabury

تھائی لینڈ میں جاری ٹینس میں بھارت کی Vaidehi چودھری اور رشمِکا Bhamidipaty نے ڈبلیو 35 Nonthaburi خواتین ڈبلز کا خطاب آج سہ پہر جیت لیا ہے۔

بھارتی جوڑی نے دوسرے سیڈ میں تھائی لینڈ کی Punnin Kovapitukted اور جاپان کی Yuki Naito کی جوڑی کو فائنل میں شکست دی۔

جبکہ تیسرے سیڈ کی بھارتی جوڑی نے سیدھے سیٹوں اپنے حریف کو شکست دیتے ہوئے 6-4، 6-3 سے جیت اپنے نام کی۔x

☆☆☆☆☆☆